سوال

(78) جو خطبہ جمعہ کا ترجمہ کرتے ہیں بالکل بے بنیاد ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اور جو خطبہ جمعہ کا ترجمہ کرتے ہیں بالکل بے بنیاد ہے۔ حدیث میں یا قرون صحابہ میں کہیں یہ ثابت نہیں ہے جو لوگ ان کے ساتھ نماز جمعہ میں شامل ہو جاتے ہیں اپنی نماز کو ضائع کر دیتے ہیں ان لوگوں سے الگ رہو یہ لوگ اہل ہوا ہیں، اہل حدیث نہیں اور دعویٰ سے کہتا ہوں کہ میں ان سب مسائل میں ان کا جھوٹا ہونا ثابت کروں گا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعظ کیا کرتے تھے (یذکر الناس) اور نصیحت تب ہی ہوتی ہے جب سامعین سمجھیں، اگر غیر زبان مثلاً (عربی) میں خطبہ ہو تو پنجابی یا کشمیری یہی کہیں گے۔

زبان شوخ من ترکی است من ترکی نمی دانم

باقی جماعت کو برا کہنا یہ کوئی بات نہیں:

فَاصْبِرْ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ الایۃ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۵۲)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 162